© rasailojaraid.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# اشارات

ادارۂ دار الاسلام کے کتبخانے کو کتابوں کا سب سے پہلا عطیہ ملک عبد العزیز ابنِ سعود سلطان نجد و حجاز کی طرف سے وصول ہوا ہے جو مذہب حنبلی کی چند بہترین کتابوں پر مشتمل ہے۔ اس عطیہ کیلیے ہم سلطان موصوف کا دلی شکریہ ادا کرتے ہیں۔ اگرچہ عطایا کی فہرست شایع کرنا، اور معطیوں کے شکریے اشتہار کی صورت میں ادا کرنا ہمارے مسلک کے بالکل خلاف ہے، لیکن خاص طور پر اس عطیے کا ذکر ان صفحات میں اسیلیے کیا جارہا ہے کہ ہم اپنے ہمدردوں کو بھی اس مسرت میں شریک کرنا چاہتے ہیں۔ اس ادارے کے کارنامے ابھی کچھ نہ سہی، مگر اس کا بنیادی تخیل ایسا ضرور ہے کہ اس نے اول یوم پیدائش ہی میں بیرونِ ہند کے سلاطین اسلام میں سے ایک کی توجہ اپنی طرف جذب کرلی، فالحمد للہ علی ذالک۔

---

اکثر اصحاب ادارۂ "دار الاسلام" کے دستور العمل کا بے چینی کے ساتھ مطالبہ کر رہے ہیں، اور اس مطالبہ میں شدت اس لیے پیدا ہوگئی کہ غلطی سے "پراسپکٹس" کی اشاعت کا اعلان قبل از وقت کر دیا گیا۔ وقت کی تنگی اور حالات کی نزاکت کو دیکھتے ہوئے دردمندانِ ملت کی بے چینی بالکل حق بجانب ہے۔ لیکن ہم مجبور ہیں کہ دستور العمل کی ترتیب میں جلد بازی سے اجتناب کریں۔ جہاں تک اس ادارے یا تحریک

© rasailojaraid.com